کا جو غم ہے وہ ہے ہی، لیکن میرا غم بس میرا ہی غم جس میں میں تنہا اُداس ہوں۔

حضرت مولانا میرے والد ماجد حضرت امیر شریعت رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت مولانا سید مہر علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے تعلقات، حالات و واقعات کے بھی یکتا امین تھے مولانا ساری امانتیں سینے میں لیکر چلے گئے۔

اَللّٰھُمَّ لَا تَحْرِمْنَا اَجْرَھُمْ وَلَا تَفْتِنَّا بَعْدَھُمْ (ب ن)

اللہ سے دعا گو ہوں کہ جو مراسم و مراحم مجھے مولانا سے ملے انکی اولاد نیک نام سے بھی ملتے رہیں آمین!

## اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن ط

ہمارے محترم رفیق اور انجمن ربانیہ اہل سنت (بھوئی گاڑ ضلع اٹک) کے منتظم جناب حسین احمد قریشی صاحب یکے بعد دیگرے مختلف صدمات سے دوچار ہوئے ہیں۔ ۲۷ر فروری ۸۹ء کو اُن کے چچا حضرت مولانا حکیم قاضی شمس الدین قریشی انتقال فرما گئے، ۹ر دسمبر ۸۹ء کو اُنکی اہلیہ محترمہ رحلت کر گئیں۔ اور ۱۸ر دسمبر کو اُن کے ماموں حضرت مولانا قاری عبدالرحمن قریشی وفات پا گئے۔ قریشی صاحب کے لئے یقیناً "گزشتہ سال عام الحزن ہے۔ مدرسہ محمودیہ معمورہ ناگڑیاں (ضلع گجرات) کے مُعاون حنیف ربانی علوی صاحب کا جواں سال بیٹا محمد نعیم اللہ کو پیارا ہو گیا اُن کے خاندان سے ہمارا تعلق بہت ہی محبت بھرا ہے پھر وہ دینی کام میں ہمارے معاون بھی ہیں اس سانحہ سے جہاں اُن کے اہل خاندان مغموم ہیں وہاں ہمارے دل بھی چور ہیں۔

محمد ریاض عباسی صاحب راولپنڈی میں نقیبِ ختم نبوت کے مستقل قاری ہیں اُن کی والدہ ماجدہ بھی انتقال فرما گئی ہیں ڈیرہ غازی خان سے ادارہ کارکن جناب بشیر احمد صاحب کی نانی صاحبہ وفات پا گئیں ——— قارئین اور جملہ مسلمان اِن سب حضرات کی مغفرت کے لئے خصوصی دُعا کا اہتمام فرمائیں۔ ادارہ نقیبِ ختم نبوت کے تمام ارکان ——— مرحومین کے لئے دست بدعا ہیں اور لواحقین کے غم میں شریک ہیں۔ اللہ پاک حُسن آخرت کا معاملہ فرمائیں اور جوارِ رحمت میں جگہ عطا فرمائیں ——— (آمین)